# 21 طرح طرح کے خاندان

4312CH21

## * بولو بھئی کتنے؟

آؤ، سب مل کر ایک کھیل کھیلیں۔ اس کھیل کو تم ضرور جانتے ہو گے۔ سب بچّے ایک دائرے میں کھڑے ہو جائیں۔

ایک بچّی دائرے کے درمیان میں کھڑی ہو کر کوئی تال بجائے۔ جب تک تال بجتا رہے تب تک سب دائرے میں بھاگتے رہو۔

تال بجانے والی بچّی اچانک تال (دُھن) روک کر کوئی بھی چھوٹا نمبر جیسے ''پانچ''، ''چار''، ''دو'' زور سے پکارے۔

تال رکنے پر جو نمبر پکارا گیا ہے اُتنے ہی بچّے مل کر اپنا اپنا گروپ بنائیں گے۔

جو بچّے کسی بھی گروپ میں نہیں شامل ہو پائے وہ کھیل سے باہر ہو جائیں گے۔ یہ کھیل تب تک جاری رہے گا جب تک صرف دو بچّے دائرے میں نہ رہ جائیں۔




## * آؤ اب کھیل کے بارے میں کچھ باتیں کریں

- جب تم صحیح تعداد کے گروپ میں شامل ہو گئے تو تمھیں کیسا لگا؟ کیوں؟
- اگر تم کسی گروہ میں شامل نہ ہو پائے تو تمھیں کیسا لگا؟ کیوں؟
- کیا تمھیں لوگوں کے ساتھ رہنا پسند ہے؟
- تم کن کن کے ساتھ زیادہ رہنا پسند کرتے ہو؟
- اگر تمھیں ہمیشہ اکیلے ہی رہنا پڑے تو تمھیں کیسا لگے گا؟

'بولو بھائی کتنے' کھیل میں دُھن بجانے اور نمبر پکارنے کا کام کوئی بھی کر سکتا ہے۔ بچوں کی تعداد کے مطابق پکارے جانے والے عدد کو کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے۔

© NCERT not to be republished

ہم سب اکیلے نہ رہ کر اور لوگوں کے ساتھ رہنا پسند کرتے ہیں۔ ہم سب کسی نہ کسی گروپ سے جڑ کر جیتے ہیں۔ چلو دیکھتے ہیں ایک ایسے گروپ کو ـــــ گُرلین، ناگارجن اور ان کے بچے تانیا اور سمر۔





ان لوگوں کا آپس میں ایک دوسرے سے کیا رشتہ ہے؟

جو تصویر تم نے دیکھی ہے، اس میں دکھائے گئے لوگ ایک ہی خاندان کے افراد ہیں۔ ایسے خاندانوں کی تصویریں یا فوٹو ہم کئی بار دیکھتے ہیں۔ ہم ایسے خاندان کہاں کہاں دیکھتے ہیں؟ کیا سبھی خاندان ایسے ہی ہوتے ہیں؟ آؤ اب کچھ خاندانوں کے بارے میں پڑھیں۔

## سیتمّا

سیتمّا ایک چھوٹے شہر گنٹور میں اپنے پشتینی مکان میں رہتی ہے۔ نیچے مکان میں دادا، دادی، چھوٹے چاچا اور پھوپھی رہتے ہیں۔ پہلی منزل کے ایک حصّے میں سیتمّا اپنے والد، والدہ اور چھوٹی بہن گیتمّا کے ساتھ رہتی ہے۔ دوسرے حصّے میں اس کے تایا اور اُن کے تینوں بچّے رہتے ہیں۔ کچھ مہینوں پہلے ہی اُن کی تائی کی موت ہوگئی تھی۔

اپنے خاندان سے متعلق بات کے دوران سبق چار میں ہوئی گفتگو کو ذہن میں رکھنا مناسب ہوگا۔ کلاس میں موجود بچوں کے خاندانوں کے اندازِ رہائش میں تنوع سے سبق کی شروعات کی جاسکتی ہے۔

© NCERT not to be republished



اُس کے بڑے چچا اور نئی چچی چھت پر بنے ہوئے ایک کمرے میں رہتے ہیں۔ان کی نئی نئی شادی ہوئی ہے۔

رات کو کھانے سے پہلے سیتمّا کی ماں سب بچّوں کو پڑھاتی ہیں۔

سب کا کھانا نچلی منزل پر باورچی خانے میں ایک ساتھ پکتا ہے۔سب کی کوشش ہوتی ہے کہ رات کا کھانا سب مل کر کھائیں۔آج کل رات میں تایا کی چھوٹی لڑکی سیتمّا کی ماں کے پاس ہی سوتی ہے۔صبح سیتمّا اسے اسکول کے لیے تیار کرتی ہے۔

- سیتمّا کے خاندان میں کون کون لوگ ہیں؟
- ان مختلف لوگوں کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟
- پچھلے سال اس خاندان میں کیا کیا تبدیلیاں آئی ہیں؟

## تارا



تارا اپنی اماں اور نانی کے ساتھ چنئی میں رہتی ہے۔اس کی اماں میناکشی نے شادی نہیں کی اور تارا کو گود لیا ہے۔ میناکشی صبح دفتر جاتی ہے اور شام کو گھر آتی ہے۔اسکول سے لوٹنے کے بعد تارا کی دیکھ بھال اس کے نانا کرتے ہیں۔ وہ یہ اسے کھانا کھلاتے ہیں، اسکول کا کام کرنے میں مدد کرتے ہیں اور اس کے ساتھ کھیلتے بھی ہیں۔چھٹیوں میں وہ تینوں دور




2019-20
© NCERT not to be republished

گھومنے نکل جاتے ہیں، خوب مزے کرتے ہیں۔ کبھی کبھی تارا کی خالہ، خالو اور ان کے بچے بھی آجاتے ہیں۔ تب وہ سب مل کر خوب کھیلتے ہیں اور گپ شپ کرتے ہیں۔

* تارا کی دیکھ بھال کون کرتا ہے؟ کیسے؟
* خاندان کے لوگ مل جُل کر کیا کیا کرتے ہیں؟

## سارا اور حبیب



سارا اور حبیب شہر میں رہتے ہیں۔ دونوں نوکری کرتے ہیں۔ حبیب سرکاری دفتر میں کلرک ہے اور سارا اسکول میں پڑھاتی ہے۔ حبیب کے ابو ریٹائر ہو چکے ہیں اور ان کے ساتھ رہتے ہیں۔ شام کو تینوں ساتھ بیٹھ کر ٹی۔وی دیکھتے ہیں یا تاش کھیلتے ہیں۔ ابو کو سب سے ساتھ ٹی۔وی دیکھنے میں مزہ آتا ہے۔ دیکھنے کے ساتھ ساتھ بحث جو ہوتی ہے۔ چھٹی کے دن پڑوس کے بچے ان کے گھر آجاتے ہیں۔ خوب رونق رہتی ہے۔ اُودھم مچاتے ہیں۔ یہ تینوں کبھی کوئی کھیل کھیلتے ہیں، کبھی گھومنے کے لیے باہر چلے جاتے ہیں اور کبھی ناٹک یا فلم دیکھنے نکل جاتے ہیں۔

* اس خاندان میں کون کون ہے؟
* ابّو کو سب کے ساتھ ٹی۔وی دیکھنے میں زیادہ مزہ آتا ہے۔ کیوں؟
* اس خاندان کے لوگ کیسے تفریح کرتے ہیں؟

## طوطارام

طوطارام اپنے والد، چچا اور چچازاد بھائیوں کے ساتھ ممبئی کی ایک بستی میں رہتا ہے۔ طوطارام اور اس



2019-20



کے بھائی ممبئی پڑھنے کے لیے آئے ہیں۔ اُن کے والد اور چچا یہاں کام کرتے ہیں۔

گھر کا سب کام سبھی مل جُل کر کرتے ہیں۔ طوطارام کے چچا کے ہاتھ کا کھانا سب ہی کو بہت پسند ہے۔ اس کے والد خریداری کا سارام کام سنبھالتے ہیں۔ وہ دونوں جتنے پیسے کماتے ہیں، اس کا کچھ حصہ وہ گاؤں میں طوطارام کے دادا کو بھیجتے ہیں۔ طوطارام کی ماں، دادا، دادی، چچی اور چھوٹے بھائی بہن گاؤں میں اپنے پشتینی گھر میں رہتے ہیں۔ طوطارام سال میں ایک بار گاؤں جاتا ہے۔

اس کو اپنی ماں کی بہت یاد آتی ہے۔ وہ اسے لمبے لمبے خط لکھتا ہے۔



* طوطارام کے خاندان کے افراد ایک دوسرے سے رابطہ کیسے قائم رکھتے ہیں؟
* طوطا رام کے خاندان میں کون سے لوگ شہر میں رہتے ہیں اور کون سے گاؤں میں؟ کیوں؟



## کرشنا اور کاویری

کرشنا اور کاویری اپنے والد کے ساتھ رہتے ہیں۔ صبح تیار ہو کر تینوں ایک ساتھ گھر سے نکلتے ہیں۔ کرشنا، کاویری کو اسکول پہنچا کر کالج جاتا ہے۔ اُن کے والد دن بھر دکان میں مصروف رہتے ہیں۔ دوپہر میں کاویری اسکول سے لوٹ کر آتی ہے اور گھر کا تالا کھولتی ہے۔ وہ کرشنا کا انتظار کرتی ہے۔



© NCERT not to be republished

کالج سے آنے کے بعد کرشنا اور کاویری دونوں مل کر کھانا کھاتے ہیں۔


اسکول کا کام کرنے کے بعد کاویری کھیلنے باہر جاتی ہے۔ واپسی پر بھائی کے ساتھ کبھی کیرم کھیلتی ہے یا کبھی ٹیلی ویژن دیکھتی ہے۔ والد صاحب جب آ جاتے ہیں تب تینوں مل کر کھانا پکاتے ہیں اور ساتھ میں کھاتے ہیں۔

چھٹیوں میں کاویری اپنی ماں کے پاس رہنے جاتی ہے۔ کرشنا بھی کچھ دن وہیں ماں کے پاس رہتا ہے، لیکن اُسے اپنے گھر میں ہی رہنا پسند ہے۔ اس کی ساری چیزیں اور والد جو یہاں ہیں۔



* کرشنا اپنی بہن کا خیال کیسے رکھتا ہے؟
* خاندان میں کیا کیا کام مل جل کر کیے جاتے ہیں؟

تم نے کچھ خاندانوں کے بارے میں پڑھا۔ کچھ سوالوں پر گفتگو بھی کی۔ خاندان کیا ہے؟ خاندان کیسے کیسے ہوتے ہیں؟ اب تک اس بارے میں تم نے اپنی رائے قائم کر لی ہوگی۔



خاندان میں کیا کیا ہوتا ہے؟



مندرجہ ذیل جملوں میں سے جو خاندانوں میں ہوتا ہے ان پر ' ✓ ' کا نشان لگاؤ۔

* ایک خاندان کے لوگ اکثر ایک دوسرے جیسے دکھائی دیتے ہیں۔ ☐
* خاندان کے لوگوں کو ایک دوسرے سے بہت پیار ہوتا ہے۔ ☐
* کسی خاندان میں پیدا ہونے سے یا اس کے کسی فرد کے ساتھ شادی ہونے سے ہم اس خاندان کا حصہ بن جاتے ہیں۔ ☐
* خاندان کے لوگ اکثر ایک گھر میں ساتھ ساتھ رہتے ہیں۔ ☐
* خاندان کے بڑے لوگ اپنے خاندان کے لیے پیسے کماتے ہیں۔ ☐

سبق میں کچھ خاندانوں کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ ان کے علاوہ بھی کئی طرح کے خاندان ہوتے ہیں۔ اس تنوع کو سمجھنے کے لیے بچوں سے ان کے خاندانوں کے بارے میں گفتگو کی جاسکتی ہے۔



2019-20
© NCERT not to be republished

* خاندان کے لوگوں کا آپس میں جھگڑا ہو تب بھی سبھی ساتھ رہتے ہیں۔
* خاندان میں بچوں اور بوڑھوں کی دیکھ بھال ہوتی ہے۔


اپنے خاندان کی کچھ اور باتیں سوچو اور خالی جگہ میں لکھو۔

---

---

## سیتمّا کے خاندان کا شجرہ

کیا تم خاندان کا تصوّر ایک پیڑ کی شکل میں کر سکتے ہو؟ یہاں سیتمّا کے خاندان کا شجرہ دیا گیا ہے۔




اب تم اپنے خاندان کا شجرہ اپنی کاپی میں بناؤ۔ اس کے لیے اپنے خاندان کے بزرگوں کی مدد لو۔ اس کام کے لیے تمھیں سیتمّا کے خاندان کے شجرے سے بھی مدد مل سکتی ہے۔





© NCERT not to be republished